**01.08.2024**
**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ
**Music**

..........................................................................

- ☆ بھارت اور ویتنام نے، کسٹمز اور زراعت سمیت جامع شراکت داری کو گہرا کرنے اور تعاون میں اضافہ کرنے کیلئے 9 سمجھوتوں پر دستخط کیے ہیں۔
- ☆ نئی دلّی نے بھارتی باشندوں کو لبنان کا سفر کرنے سے گریز کرنے کی صلاح دی ہے کیونکہ خطے میں کشیدگی میں اضافہ ہوگیا ہے۔
- ☆ سپریم کورٹ نے زمروں کے اندر مزید پسماندہ طبقات کیلئے علیحدہ سے کوٹہ فراہم کرنے کی غرض سے، ایس سی اور ایس ٹی ریزرویشن کی ذیلی- درجہ بندی کرنے کی اجازت دے دی ہے۔
- ☆ بہار میں بجلی گرنے سے کم سے کم 10 افراد ہلاک ہوگئے۔ شدید بارش اور بادل پھٹنے کے واقعات سے ہماچل پردیش میں وسیع پیمانے پر تباہی پھیلی ہے۔
- ☆ اور...... پیرس اولمپکس میں چھٹے روز، نشانے باز Swapnil Kusale نے بھارت کیلئے کانسے کا تیسرا میڈل حاصل کیا ہے۔ بیڈمنٹن کھلاڑی لکشیہ سین، ہم وطن کھلاڑی ایچ ایس Prannoy کو شکست دے کر مردوں کے سنگلز کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

..........................................................................

(Music)
اب خبریں تفصیل سے

### *MEA Briefing India Vietnam*

بھارت اور ویتنام نے کسٹمز، زراعت، قانون، ریڈیو اور ٹیلی ویژن نشریات، ثقافت اور سیاحت کے شعبوں میں جامع اہم شراکت داری کو گہرا کرنے اور تعاون میں اضافہ کرنے کیلئے، آج 9 سمجھوتوں پر دستخط کیے۔ یہ بات وزارت خارجہ میں سکریٹری مشرق، جے دیپ مجمدار نے آج نئی دلّی میں بتائی۔ ویتنام کے وزیر اعظم Pham Minh Chinh کے بھارت کے سرکاری دورے سے متعلق میڈیا کو تفصیلات بتاتے ہوئے انھوں نے کہا کہ ویتنام ایک تیزی کے ساتھ ترقی پذیر معیشت ہے اور بھارت- ویتنام کی دو طرفہ تجارت 15 ارب امریکی ڈالر تک پہنچ گئی ہے۔ انھوں

نے کہا کہ دونوں ملکوں کے درمیان 300 ملین امریکی ڈالر مالیت کی دو طرفہ ڈالر کریڈٹ لائن سمجھوتوں کو بھی حتمی شکل دی گئی ہے۔

انھوں نے کہا کہ ویتنام، قدرتی تباہی کے لچکدار بنیادی ڈھانچے کیلئے اتحاد میں بھی شرکت کرے گا۔

اِس سے قبل وزیر اعظم نریندر مودی اور ویتنام کے اُن کے ہم منصب Pham Minh Chinh کے درمیان ایک باہمی میٹنگ، نئی دلّی میں منعقد ہوئی۔ اپنے پریس بیان میں وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ بھارت- ویتنام کے تعلقات میں توسیع ہوئی ہے اور یہ گہرے ہوئے ہیں نیز پچھلے 10 سالوں میں تعلقات کو جامع اہم شراکت داری کی شکل دی گئی ہے۔

2100- PM- Vietnam Ties

وزیر اعظم نے کہا کہ ایک آزاد، کھلے، اصولوں پر مبنی اور خوشحال بھارت- بحر الکاہل کیلئے، بھارت- ویتنام کے درمیان تعاون جاری رہے گا۔

2100- PM Modi- Vietnam- 2047

## Lebanon Advisory

بیروت میں بھارتی سفارت خانے، نے بھارتی شہریوں کو یہ مشورہ دیا ہے کہ وہ خطے میں حالیہ واقعات اور جنگ کے ممکنہ خطرات کے پیش نظر اگلے نوٹس تک لبنان کے سفر سے گریز کریں۔ وہ افراد، جو اس وت بیروت میں مقیم ہیں، ان کو یہ مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ انتہائی احتیاط سے کام لیں اور گھر سے باہر نکلنے سے گریز کریں۔ سفارتخانے نے ان سے ای-میل اور کال کے ذریعے رابطے میں رہنے کیلئے کہا ہے۔ x

## Tensons Escalate West Asia

بیروت میں بھارتی سفارتخانے نے 48 گھنٹے میں تیسری ایڈوائیزری جاری کی ہے، جس میں بھارتی باشندوں پر زور دیا گیا ہے کہ وہ فوری طور پر لبنان چھوڑ دیں۔ گولان ہائٹس پر مبینہ طور سے حزب اللہ کے ذریعے ایک راکٹ حملے کے بعد کشیدگی میں ڈرامائی طور پر اضافہ ہوگیا ہے۔ اِس حملے میں 12 بچوں کی المناک موت ہوئی ہے۔ جوابی کارروائی میں اسرائیل کی دفاعی فورسز نے جنوبی لبنان میں ایک حملہ کیا، جس میں حزب اللہ کا اعلیٰ رینک کا ایک کمانڈر فواد شُکر ہلاک ہوگیا۔ سفارتی حلقے میں بھی سرگرمیوں اضافہ ہوگیا ہے، جس کے ساتھ ہی اسرائیل اور لبنان، دونوں اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں ایک دوسرے کے خلاف شکایات درج کر رہے ہیں، جس سے دونوں ممالک کے درمیان تعلقات مزید کشیدہ ہوگئے ہیں۔ x

## Supreme Court SC-ST Quata

سپریم کورٹ نے آج ریاستوں کے اُس حق کو برقرار رکھا ہے جس کے تحت وہ درج فہرست قبائل کی مختلف زمروں میں ضمنی درجہ بندی کرتے ہوئے انھیں پسماندگی کی بنیاد پر ریزرویشن کے فوائد پہنچا سکتی ہیں۔ چیف جسٹس ڈی

وائی چندر چوڑ کی صدارت میں سات ججوں پر مشتمل ایک آئینی بینچ نے 6-1 کی اکثریت سے سال 2004 کے EV Chinnaiah بنام ریاست آندھراپردیش معاملے میں سپریم کورٹ کے سال 2004 کے فیصلے کو کالعدم قرار دیا۔ اس کے مطابق درج فہرست ذاتوں اور درج فہرست قبائل کی ضمنی درجہ بندی، آئین کی دفعہ 341 کے منافی تھی۔x

## LS Railways

حکومت نے آج اِس بات پر زور دیا کہ وہ ملک میں ریل حادثوں کے واقعات کو روکنے کے تئیں عہد بند ہے۔ اُس نے کہا کہ اِن حادثات کی تعداد UPA اقتدار کے دوران سالانہ 171 کے مقابلے میں کم ہوکر اوسطاً 68 سال ہوگئی ہے۔ لوک سبھا میں اپنی وزارت کے گرانٹ کیلئے مطالبے پر بحث کا جواب دیتے ہوئے ریلوے کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ تمام حلقوں کو تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے مزید کاوشیں کرنے کی ضرورتی ہے۔ جناب ویشنو نے کہا کہ حکومت نے مزید پچاس امرت بھارت ٹرینیں تیار کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ امرت بھارت ٹرین ایک غیر ایئر کنڈیشنڈ، کم خرچ، سلیپر نیز غیر ریزرو سپرفاسٹ ایکسپریس ریل گاڑی ہے۔

S/B 2100 Ashwini Vaishnaw

جناب ویشنو نے کہا کہ دس ہزار جنرل کوچز تیار کئے جارہے ہیں جو اوسط درجے کے لوگوں کیلئے بڑی راحت فراہم کریں گے۔ ریلوے کی ضروریات کو اجاگر کرتے ہوئے وزیر موصوف نے بتایا کہ سن 2014 سے بھارتی ریلوے کے ذریعے پانچ لاکھ سے زیادہ بھرتیاں کی جاچکی ہیں۔x

## LS Saubhagya

پردھان منتری سہج بجلی ہر گھر یوجنا، یعنی 'سوبھاگیہ' کے تحت مجموعی طور پر ملک بھر کے دو کروڑ 86 لاکھ گھرانوں کو بجلی کے کنکشن فراہم کئے گئے ہیں۔ آج لوک سبھا میں ایک تحریری جواب میں بجلی کے وزیر مملکت سری پدنا یک نے کہا کہ حکومت نے اِس اسکیم کا آغاز 2017 میں کیا تھا جس کا مقصد ملک میں گھرانوں کی ہمہ گیر برق کاری حاصل کرنا تھا۔ انھوں نے کہا کہ سوبھاگیہ کے تحت ملک کے دیہی علاقوں میں بنا بجلی کے تمام خواہشمند گھرانوں اور شہری علاقوں میں تمام خواہشمند غریب گھرانوں کو بجلی کے کنکشن فراہم کئے گئے۔x

## RS Sportspersion Insurance

اسپورٹس اتھارٹی آف انڈیا، SAI نے ملک میں مختلف کھیلوں کے 13 ہزار سے زیادہ ایتھلیٹس، کوچز اور معاون عملے کو خصوصی طبی بیمے کے تحت کھیلوں کے دوران لگنے والی چوٹ اور صحت سے متعلق معاملوں کا بیمہ تحفظ فراہم کیا ہے۔

راجیہ سبھا میں اپنے تحریری جواب میں کھیلوں کے وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویہ نے بتایا کہ اِس کے تحت فی کس پانچ لاکھ روپے کا صحت بیمہ تحفظ فراہم کیا جاتا ہے۔ وہیں حادثاتی موت یا شدید زخمی ہونے پر اضافی 25 لاکھ روپے کا بیمہ تحفظ دیا جاتا ہے۔ x

**RS Judges Vacancies**

قانون اور انصاف کے وزیر ارجن رام میگھوال نے آج راجیہ سبھا میں بتایا کہ مختلف ہائی کورٹوں میں ججوں کے 359 عہدے خالی ہیں۔ ایک تحریری جواب میں انھوں نے کہا کہ ملک بھر میں ضلعی اور ذیلی عدالتوں میں 5 ہزار 238 عہدے بھی خالی ہیں۔ جناب میگھوال نے کہا کہ موجودہ خالی عہدوں کو پورا کرنے کیلئے مہم جویانہ پیمانے پر ہر ممکن کوشش کی جا رہی ہے۔ x

**RS ESIC**

حکومت نے کہا ہے کہ ملک بھر میں 165 ای ایس آئی اسپتال اور ایک ہزار 695 ای ایس آئی ڈسپنسریاں ہیں۔ راجیہ سبھامیں ایک تحریری جواب میں لیبر اور روزگار کے وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویا نے کہا کہ ڈسپنسری-نیز-برانچ آفس سمیت 59 ای ایس آئی اسپتالوں، اور 141 ای ایس آئی ڈسپنسریوں کو ملازمین کی ریاستی بیمہ کارپوریشن، ESIC چلاتی ہے۔ جناب مانڈویا نے یہ بھی کہا کہ ESIC کے ذریعے چلائے جانے والے ESI اسپتالوں اور ڈسپنسریوں میں دو ہزار 675 مستقل ڈاکٹر اور 9 ہزار 442 نرسیں اور نیم طبی عملہ ہے۔x

**RS Tourists In India**

عالمی اقتصادی فورم کے ذریعے شائع سفر اور سیاحت کے ترقیاتی اشاریے 2024 کی رپورٹ کے مطابق بھارت، 119 ممالک میں 39ویں درجے پر ہے۔ آج راجیہ سبھا میں ایک تحریری جواب میں سیاحت کے وزیر گجیندر سنگھ شیخاوت نے کہا کہ مئی 2024 کیلئےUNWTO کے درجہ بندی کے نظام کے مطابق 2022 میں دنیا بھر میں 974 ملین بین الاقوامی سیاحوں کی آمد رہی، جبکہ بھارت میں 14 اعشاریہ تین ملین بین الاقوامی سیاحوں کی آمد ریکارڈ کی گئی، جو کہ بین الاقوامی پیمانے پر سیاحوں کی آمد کی سیاحتی مارکیٹ کی ایک اعشاریہ چار سات فیصد حصے کی نمائندگی کرتا ہے۔ 2022 میں ایشیا اور بحرالکاہل میں بھارت کے بین الاقوامی سیاحوں کی آمد 15 اعشاریہ چھ چھ فیصد رہی ہے۔x

**Bihar Lightning Deaths**

بہار میں، پچھلے چوبیس گھنٹے میں بجلی گرنے سے کم سے کم 10 افراد کی موت ہوگئی۔ گیا میں زیادہ سے زیادہ پانچ افراد کی موت کی خبر ہے، جبکہ جہان آباد میں 3 اموات ہوئی ہیں اور روہتاس ضلع میں دو افراد ہلاک ہوگئے ہیں۔وزیر اعلیٰ نتیش کمار نے ان واقعات میں لوگوں کی جانیں تلف ہونے پر افسردگی کا اظہار کیا ہے۔
محکمہ موسمیات نے جنوبی اور شمال مشرقی خطے میں اگلے چوبیس گھنٹے میں گرج چمک کے ساتھ شدید بارش کی پیشگوئی کے ساتھ Yellow الرٹ جاری کیا ہے۔ x

**Himachal Weather VC**

ہماچل پردیش کے مختلف حصوں میں شدید بارش اور بادل پھٹنے کے واقعات میں بڑے پیمانے پر جانی ومالی

نقصان ہوا ہے۔ اِن واقعات میں 55 افراد لاپتہ ہیں جبکہ 2 لوگوں کی موت ہوگئی ہے۔ متاثرہ علاقوں میں راحت اور بچاؤ کارروائیاں جنگی پیمانے پر جاری ہیں۔ ہماچل پردیش حکومت نے 13 ہنگامی خدمات مراکز قائم کئے ہیں۔ پیش ہے ایک رپورٹ ........................

V/C Ritesh Kapoor

ہماچل پردیش کے مختلف حصوں میں گذشتہ 24 گھنٹے کے دوران ہوئی بارش قہر بن کر ٹوٹی ہے۔ ریاست کے کلّو، منڈی اور شملہ ضلعوں میں آج علی الصبح بادل پھٹنے کے واقعات پیش آئے۔ شملہ ضلع کے رام پور سب ڈویژن کے جھاکھڑی میں بادل پھٹنے کے واقعے میں 36 افراد لاپتہ ہیں جبکہ منڈی ضلع میں بادھر کے قریب تِکّن میں 9 افراد لاپتہ ہیں اور 2 لوگوں کی لاشیں برآمد ہوئی ہیں۔ اِسی طرح کُلّو ضلع میں بھی دس افراد لاپتہ ہیں۔ خبر ملی ہے کہ ملانہ ڈیم بجلی پروجیکٹ کی زمینی منزل پر تین سے چار لوگ پھنسے ہوئے ہیں۔ چیف پارلیمنٹری سکریٹری اور کُلّو کے رکن اسمبلی سندر ٹھاکر نے بتایا کہ ملانہ ڈیم بجلی پروجیکٹ میں پھنسے لوگ پوری طرح محفوظ ہیں اور NDRF اور SDRF کی ٹیمیں متاثرہ علاقوں میں راحت اور بچاؤ کارروائیوں میں مصروف ہیں۔

اِس بیچ وزیر اعلیٰ سکھویندر سنگھ سکھو نے آج شملہ میں کہا کہ وہ بذات خود راحت اور بچاؤ کارروائیوں کی نگرانی کر رہے ہیں اور انھوں نے مقامی انتظامیہ کو راحت اور بچاؤ کارروائیوں میں تیزی لانے کی ہدایت دی ہے۔

## Kerala Wayanad

کیرالہ میں بڑے پیمانے پر مٹّی کے تودے کھسکنے کے اُس واقعے میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد بڑھ کر 274 ہوگئی ہے، جس میں وائناڈ تباہ ہوگیا ہے۔ ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ اِس حادثے میں زخمی ہونے والے 187 افراد کا علاج اسپتال میں ہو رہا ہے، جبکہ 107 سے زیادہ افراد کے لاپتہ ہونے کی خبر ہے۔ 70 راحتی کیمپ قائم کیے گئے ہیں جہاں 7 ہزار سے زیادہ افراد کو رکھا گیا ہے۔ x

## Hamas Commander Killed

اسرائیلی فوج نے آج اِس بات کی توثیق کی کہ گذشتہ مہینے جنوبی غزہ میں اِس کے فضائی حملے میں حماسی فوج کا سربراہ محمد ضیف ہلاک ہوگیا تھا۔ انٹیلیجنس کے تجزیے کے بعد اسرائیلی دفاعی فورسز نے ایک بیان میں کہا کہ پچھلے مہینے کی 13 تاریخ کو خان یونس علاقے میں ایک فضائی حملے میں ضیف کو نشانہ بنایا گیا تھا۔ ضیف، حماس کے فوجی ونگ قسام بریگیڈ کے بانیوں میں سے ایک تھا اور وہ 20 سال سے اِس فورس کی قیادت کر رہا تھا۔ غزہ کی جنگ اب 300ویں دن میں داخل ہوگئی ہے۔ یہ توثیق، تہران میں حماس کے لیڈر اسماعیل ہانیہ کے قتل کے ایک روز بعد کی گئی ہے۔ خان یونس، جنوبی غزہ پٹی میں خان یونس حکمرانی کی راجدھانی کے طور پر خدمات انجام دینے والا ایک فلسطینی شہر ہے۔x

## Paris Olympics

پیرس اولمپکس 2024 میں آج چھٹے دن بھارتی دستے کیلئے ملا جلا دن رہا۔ نشانے باز Swapnil کُسالے نے بھارت کیلئے کانسے کا تمغہ جیتا۔ کُسالے نے مردوں کے 50 میٹر رائفل تھری پوزیشن کے فائنل میں یہ کارکردگی انجام دی۔ 28 سالہ نشانے باز نے اِن مقابلوں میں تیسری پوزیشن حاصل کی۔ اس کے ساتھ ہی وہ مردوں کے 50 میٹر رائفل تھری پوزیشن مقابلوں میں اولمپک تمغہ جیتنے والے پہلے بھارتی نشانے باز بن گئے ہیں۔

بیڈمنٹن کھلاڑی لکشیہ سین، ہم وطن کھلاڑی ایچ ایس Prannoy کو شکست دے کر مردوں کے سنگلز کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆